اندراج جانچ فہرست

اپنے بچے کو اسکول میں رجسٹر کروانے کے لیے یہ ہمراہ لائیں:

- ☐ **اپنے بچے کی عمر کا ثبوت** (پیدائش کا سرٹیفکیٹ، پاسپورٹ، یا بپتسمہ کا ریکارڈ)
- ☐ **اپنے بچے کا مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ** (اگر دستیاب ہو)
- ☐ **اپنے بچے کا تازہ ترین رپورٹ کارڈ / ٹرانسکرپٹ** (اگر دستیاب ہو)
- ☐ **نیچے دیے گئے رہائش کے ثبوتوں میں سے دو (2) فراہم کریں۔**
  دستاویزات میں آپ کا نام اور پتہ شامل ہونا چاہیے۔
  - ☐ کرائے کا معاہدہ، ملکیت کے کاغذات (deed)، یا مورگیج اسٹیٹمنٹ
  - ☐ رہائشی یوٹیلٹی بل (گیس یا بجلی) جو کسی یوٹیلٹی کمپنی، جیسے National Grid یا Con Edison، نے جاری کیا ہو اور جو گزشتہ 60 دن کے اندر کا ہو۔
  - ☐ گھر پر فراہم کی گئی کیبل ٹیلی ویژن خدمات کا بل (گزشتہ 60 دن کے اندر کی تاریخ کا ہو)
  - ☐ حکومتی ایجنسی سے دستاویزات یا خط (سرکاری لیٹر ہیڈ پر)، بشمول انٹرنل ریونیو سروس (IRS)، NYC ہاؤسنگ اتھارٹی، دفتر برائے پناہ گزینوں کی ازسرِ نو آباد کاری، انسانی وسائل انتظامیہ، بچوں کی خدمات انتظامیہ (ACS)، یا ACS کے ذیلی کنٹریکٹر سے جاری شدہ خط (جو گزشتہ 60 دن کے اندر کا ہو)۔
  - ☐ موجودہ پراپرٹی ٹیکس بل
  - ☐ پانی کا بل (گزشتہ 90 دن کے اندر کا ہونا چاہیئے)
  - ☐ کرائے کی رسید (گزشتہ 60 دن کے اندر کی ہونی چاہیئے)
  - ☐ حکومتی جاری کردہ شناختی دستاویز، بشمول IDNYC کارڈ (جو زائد المعیاد نہ ہو)
  - ☐ گزشتہ سال کا انکم ٹیکس فارم
  - ☐ نیو یارک ریاست کا ڈرائیونگ لائسنس یا سیکھنے کا پرمٹ (جو زائد المعیاد نہ ہو)۔
  - ☐ کسی آجر سے پے اسٹب یا سرکاری تنخواہ کی دستاویز، جیسے ٹیکس ود ہولڈنگ یا پے رول رسید۔ آجر کے لیٹر ہیڈ پر جاری شدہ خط کافی نہیں ہے (جو گزشتہ 60 دن کے اندر کا ہو)۔
  - ☐ ووٹر رجسٹریشن دستاویزات
  - ☐ رہائش کی بنیاد پر رکنیت کی دستاویزات، جیسے محلے کی رہائشی تنظیم (زائد المیعاد نہ ہو)
  - ☐ بچے کی تحویل کا ثبوت، بشمول لیکن ان تک محدود نہیں، عدالتی تحویل احکامات یا سرپرستی کے کاغذات (گزشتہ 60 دن میں جاری کیے گئے ہوں؛ ان پر طالب علم کا نام درج ہونا ضروری ہے)

عارضی رہائش گاہ میں مقیم طلباء کے لیے نوٹ

McKinney-Vento ایکٹ کے تحت عارضی رہائش میں رہنے والے طلباً کو داخلے کے لیے دستاویزات (بشمول پتہ، پیدائش کی تاریخ کا ثبوت، اور حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ) جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکولز کے لیے عارضی رہائش میں رہنے والے طالب علم کی عارضی طور پر پیشگی رجسٹریشن کروانا اور پھر دستاویزات حاصل کرنے کے لیے NYC پبلک اسکولز کے عارضی رہائش میں رہنے والے طلباء کے رابطہ فرد کے ساتھ کام کرنا ضروری ہے۔